شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

10نومبر2023ء

پریس ریلیز

افغانستان مخالف پالیسی پاکستان کے لیے نقصان دہ ثابت ہو گی۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور (پ ر): افغانستان مخالف پالیسی پاکستان کے لیے نقصان دہ ثابت ہو گی ۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔اُنہوں نے کہا کہ ایک طرف مشرق وسطیٰ جنگ کے دہانے پر ہے اور خطے کی بدلتی ہوئی صورتحال کا ادراک کرتے ہوئے چین اور ایران، افغانستان کے ساتھ تعلقات بہتر کر رہے ہیں ۔پھر یہ کہ ہمارا ازلی دشمن بھارت کھل کر اسرائیل کی پشت پناہی کر رہا ہے اور اپنی مسلم دشمنی کا بے باکی کے ساتھ اظہار کر رہا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ ماضی میں بھی برادر اسلامی ملک افغانستان کے ساتھ تعلقات خراب کرنا نقصان دہ ثابت ہوا اور یہ اب بھی ملکی مفاد میں نہیں۔ حالیہ دنوں میں افغانستان کے وزیر خارجہ کا دورۂ چین اورنائب وزیراعظم کا دورۂ ایران جس میں افغانستان ایران اور چین کے مابین تجارتی راہداریاں بنانے کا اعلان کیا گیا ہے انتہائی اہم پیش رفت ہے اور یہ پاکستان کے لیے ایک واضح پیغام ہے ۔ پاکستان کی افغان پالیسی اُسے خطے میں تنہا کر دے گی۔ پاکستان کو یقینا غیر قانونی طور پر ملک میں مقیم افراد کی چھان پھٹک کرکے اُن میں سے جرائم میں ملوث تمام عناصر کیخلاف قانون کے مطابق کارروائی کرنی چاہیے اور باقی سب کی رجسٹریشن کا سلسلہ شروع کرنا چاہیے۔ اُنہوں نے کہا کہ بلوچستان کے وزیر اطلاعات کا یہ بیان کہ قانونی طور پر رجسٹرڈ افغان پناہ گزینوں کو بھی ملک بدر کیا جائے گا انتہائی تشویشناک ہے۔ہمیں تمام فیصلے افغانستان سے مذاکرات کرکے اور افغان حکومت کو اعتماد میں لے کر افہام و تفہیم کے ساتھ کرنے چاہئیں۔ پاکستان کو کسی تیسری قوت کے دباؤ میں ہر گز ایسے فیصلے نہیں کرنا چاہیے جن سے ملکی مفادات کو ضرب پہنچے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ پاکستان اور افغانستان کی حکومتیں صبر و تحمل کا مظاہرہ کرتے ہوئے مل بیٹھ کر تمام مسائل کا حل نکالیں تاکہ دشمنوں کے افغانستان اور پاکستان کے مابین دوریاں پیدا کرنے کے منصوبے کو خاک میں ملایا جاسکے۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: 10 November 2023

"The adversarial policy of Pakistan towards Afghanistan could well prove to be disastrous for us."

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): "The adversarial policy of Pakistan towards Afghanistan could well prove to be disastrous for us."

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. The Ameer said that on the one hand the Middle East appears to be on the brink of a big war and sensing the changing circumstances in our region, China and Iran are improving their relations with Afghanistan. On the other hand, our perennial enemy India is openly supporting Israel and has taken its gloves off in hostility towards Muslims. The fact is that troubled relations with Afghanistan proved to be devastating for us in the past and will not be in our national interest today. The recent visits by the foreign minister of Afghanistan to China and the Deputy Prime Minister of Afghanistan to Iran, with the announcement of Afghanistan, China, Iran trade corridors, are important developments in the region and appear to be a clear message to Pakistan. Our Afghan policy may well isolate Pakistan in the region. The Ameer said that Pakistan should identify and filter all illegal immigrants in the country and take punitive action against those involved in criminal activities, while start the process of registering others. The Ameer said that the statement by the information minister of Balochistan that even those Afghan refugees who are registered with the government of Pakistan would be deported is reckless and disconcerting. We must make all decisions amicably after negotiation and meaningful consultation with the Afghan government. Pakistan must not take unilateral decisions based on the pressures of any outside force, which could hurt the national interest of our country. It is imperative that the governments of Pakistan and Afghanistan must remain patient and tolerant, to work together for resolving all outstanding bilateral issues, so that the nefarious designs of our enemies to cause rifts between Pakistan and Afghanistan may be defeated.

Issued by:
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim Nashr o Ishaat
Tanzeem e Islami Pakistan